اکاؤنٹیبلٹی لیب پاکستان نے اپنے پراجیکٹ "سٹرینتھننگ کمیونٹی ریزیلینس ٹو کووڈ۔19" کے تحت یورپین یونین کی مالی اور ایشیا فاؤنڈیشن پاکستان اور محکمہ صحت خیبر پختونخوا کی تکنیکی معاونت سے "کروناوائرس سِوِک ایکٹس کیمپین " کا آغاز کیا ہے۔ اس مہم کے دوران افواہوں، جعلی خبروں اور غلط معلومات کو رد کرکے مستند حقائق کو جانچ کرعوامی آگاہی کے لیے ایک ہفتہ وار بُلیٹن تیار کیا جاتاہے۔ بلیٹن میں حکومتی فیصلے، ویکسین مہم ، کمیونٹی کا فیڈ بیک اور تحفظات اور عمومی صحت اور کووڈ۔19 کے گرد گھومتے سوالوں کا احاطہ کیا جاتا ہے۔ اس مہم کا مقصد بالخصوص خیبر پختونخوا اور سندھ کے پسماندہ طبقات (بشمول نسلی اور مذہبی اقلیتوں، ٹرانسجینڈرز، معذور افراد) اور دیگر سہولیات سے محروم طبقات تک آگاہی پھیلانا ہے۔ ان بُلیٹنز کا اردو اور دیگر علاقائی زبانوں جیسا کہ پشتو (صوتی بلیٹن) اور سندھی میں ترجمہ کرکے انہیں عوام الناس تک پہنچا یا جاتا ہے تاکہ دور دراز رہنے والے شہریوںمیں کروناوائرس وبا کے خلاف مزاحمت اور مدافعت پیدا کی جاسکے۔ یہ بُلیٹنز آن لائن اور آف لائن ذرائع سے متعلقین جن میں سرکاری ادارے، ڈونرز، شہری اور سماجی ادارے شامل ہیں ، تک پہنچائے جاتے ہیں



تصدیق شدہ کیس	کل ایکٹو کیس	کل اموات	کل ریکوریز
1,226,008	63,724	27,246	1,135,038

یورپیئن یونئین کے مالی تعاون سے
محکمہ صحت، خیبر پختونخوا

اس اشاعتی مواد کو یورپئین یونئین کے مالی تعاون سے ممکن بنایا گیا ہے۔ تاہم، اس کے مندرجات کی ذمہ داری مکمل طور پر اکاؤنٹیبلٹی لیب پاکستان کے سر ہے، اور ضروری نہیں کہ یورپیئن یونئین اس میں پیش کئے گئے خیالات سے متفق ہو۔

کروناوائرس ویکسین کی تازہ ترین صورتحال

ویکسین کی کُل لگائی جانے والی تعداد	سنگل ڈوز	ڈبل ڈوز
72,986,511	54,436,916	23,966,026
گزشتہ 24 گھنٹے: 829,030	گزشتہ 24 گھنٹے: 491,572	گزشتہ 24 گھنٹے:380,236

حقیقت اور افواہ

ہم سب کو معلوم ہے کہ کووڈ۔19 کی وجہ سے ذائقے اور سونگھنے کی حس متاثر ہوسکتی ہے تاہم یہ "کووڈ بُو" میں بھی تبدیل ہوسکتی ہے ۔ "کووڈ بُو" یا "پیرسومیا" ایک مرض ہے جس میں کسی کی سونگھنے کی حس تبدیل ہو جاتی ہے۔ ایک تحقیق کے مطابق دنیا میں یہ صورتحال کئی ملین لوگو ں کو درپیش ہو سکتی ہے۔ اس مرض کے شکار افراد مسلسل خراب یا جلے ہوئے گوشت کی بُو کی شکایت کرتے ہیں ۔ مزید برآں اس سے ذائقے کی حس بھی متاثر ہو سکتی ہے۔ سائنسدانوں کے مطابق کروناوائرس ہمارے ناک کے اندر داخل ہو کر ہمارے سیلز پر حملہ کرتا ہوگا جس کی وجہ سے ہمارے دماغ کا کام متاثر ہوتا ہوگا اور ہمیں غلط چیزوں کی بُو آتی ہوگی۔ اس سلسلے میں مزید تحقیق کی ضرورت ہے ۔ تب تک کووڈ۔19 کے مقابلے کے لیے حفاظتی تدابیر ہی بہترین حکمتِ عملی ہے۔

(ذریعہ۔ اے جے پلس)

یہ بات درست نہیں ۔ ڈیلٹا قسم کی بھی وہی علامتیں سامنے آئی ہیں جو کووڈ۔19 کے شروع میں مریضوں میں پائی گئی تھیں۔ فرق صرف یہ ہے کہ ڈیلٹا قسم کے اثرات زیادہ خطرناک ہیں ۔ ایک حالیہ تحقیق کے مطابق ڈیلٹا قسم کا وائرس زیادہ تیزی سے ہمارے پھیپھڑوں پر حملہ کرتا ہے تاہم جن لوگوں نے ویکسین لگوائی ہوئی ہو انہیں معمولی علامات جیسا کہ سردی لگنا وغیرہ محسوس ہو سکتا ہے۔ اس کا مطلب یہ ہے کہ ڈیلٹا قسم سے تحفظ کے لیے ویکسین لگوانا انتہائی ضروری ہے۔

(ذریعہ۔یوایس ڈیوس)

یورپیئن یونئین کے مالی تعاون سے

محکمہ صحت، خیبر پختونخوا

The Asia Foundation

اس اشاعتی مواد کو یورپئین یونئین کے مالی تعاون سے ممکن بنایا گیا ہے۔ تاہم، اس کے مندرجات کی ذمہ داری مکمل طور پر اکاؤنٹیبلٹی لیب پاکستان کے سر ہے، اور ضروری نہیں کہ یورپیئن یونئین اس میں پیش کئے گئے خیالات سے متفق ہو۔

خیبر پختونخوا اور پنجاب کے اضلاع میں تعلیمی اداروں کی بندش میں 15 ستمبر تک توسیع

3 ستمبر کو نیشنل کمانڈ اینڈ آپریشن سینٹر (این سی او سی) نے کوروناوائرس کے بڑھتے ہوئے کیسز کے پیشِ نظر خیبر پختونخوا اور پنجاب کے چند اضلاع میں تعلیمی ادارے بند کرنے کا اعلان کیا تھا۔ ان میں خیبر پختونخوا کے اضلاع پشاور، صوابی، مالاکنڈ، سوات، ہری پور، ایبٹ آباد، مانسہرہ اور ڈیرہ اسماعیل خان شامل ہیں جبکہ پنجاب نے روالپنڈی،لاہور، گجرات، گوجرانولہ، شیخوپورہ، سیالکوٹ، فیصل آباد، سرگودھا، خوشاب، میانوالی، بھکر، خانیوال، ملتان، بہاولپور اور رحیم یار خان میں تعلیمی ادارے بند کیے۔ بد قسمتی سے این سی او سی نے حالات میں بہتری نہ دیکھتے ہوئے پابندیوں کو 15 ستمبر تک بڑھا دیا جس کے ایک دن بعد پنجاب اور خیبر پختونخوا کے حکام نے سکولز کی انتظامیہ کو فیصلے سے آگاہ کر دیا۔ پابندیوں میں توسیع کا اطلاق پبلک ٹرانسپورٹ اور جِمز پر بھی تھا۔

(ذریعہ۔ روزنامہ پاکستان)

امریکی کمپنی ماڈرنا کووڈ۔19 ویکسین بُوسٹر کی سنگل ڈوز اور فلُو شاٹ بنانے کی کوشش کر رہی ہے

ماڈرنا ایک امریکی کمپنی ہے جو بہت سی ویکسینز بناتی ہے۔ درحقیقت ، ماڈرنا نے کووڈ۔19 کی ویکسین بھی تیار کی ہے جو بہت سے ممالک میں استعمال کی جارہی ہے۔ حال ہی میں ماڈرنا نے اعلان کیا ہے کہ وہ ایسی ویکسین تیار کر رہے ہیں جو ایک ہی وقت میں کووڈ۔19 اور فلُو (زکام) کے خلاف قوتِ مدافعت بڑھانے کے کام آئے گی۔ اگر ماڈرنا کے اس تجربے کے کامیاب نتائج سامنے آتے ہیں تو کچھ عرصے تک یہ پاکستان میں بھی دستیاب ہو گی۔

(ذریعہ۔ رائٹرز)

کرونا وائرس ویکسین کے اب تک سامنے آنے والے سائیڈ ایفیکٹس

سر درد، جسم درد، زکام

ٹیکہ لگنے کی جگہ پر درد یا سرخی

بیضہ

بخار اور کپکپی

یورپیئن یونئین کے مالی تعاون سے

accountabilitylab PAKISTAN

محکمہ صحت، خیبر پختونخوا

The Asia Foundation

اس اشاعتی مواد کو یورپئین یونئین کے مالی تعاون سے ممکن بنایا گیا ہے۔ تاہم، اس کے مندرجات کی ذمہ داری مکمل طور پر اکاؤنٹیبلٹی لیب پاکستان کے سر ہے، اور ضروری نہیں کہ یورپیئن یونئین اس میں پیش کئے گئے خیالات سے متفق ہو۔

15 سال اور زائد عمر کے شہریوں کے لیے کووڈ۔19 ویکسین کا آغاز

قبل ازیں ، کووڈ۔19 کی ویکسین 17 سال اور زائد عمر کےشہریوں کو لگائی جارہی تھی۔ اب حکومت کے اعلان کے مطابق ، 15 سال اور اس سے زائد عمر کے شہری ویکسین لگوانے کے لیے اہل ہیں ۔ 15 سے 18 سال تک کی عمر کے شہریوں کے لیے بھی ویکسین لگوانے کا طریقہ کار وہی ہے جو بڑی عمر کے شہریوں کے لیے طے کیا گیا ہے۔ پہلے انہیں اپنے ب فارم کا نمبر 1166 پر ایس ایم ایس کرکے خود کو رجسٹرڈ کروانا ہوگا۔ جس کے بعد انہیں اپنی دستاویزات کے ساتھ مطلوبہ ویکسین مرکزجاناہوگا۔ بصورت دیگر، وہ واک اِن ویکسین مراکزمیں اپنا ب فارم دکھا کر خود کو ویکسین لگوا سکتے ہیں ۔ یاد رہے کہ حکومت نے کم عمر شہریوں کو فائزر ویکسین لگانے کا فیصلہ کیا ہے۔حکومت کا یہ اقدام قابلِ تحسین ہے کیونکہ اب نوجوان بھی کووِڈ۔19 کی ڈیلٹاقسم اور مستقبل میں آنے والی اقسام سے محفوظ ہوں گے۔

(ذریعہ۔فرنٹیئر پوسٹ)

خیبر پختونخوا نے بیرون ملک جانے کے خواہش مند افراد کو ویکسین لگانا شروع کر دی

سمندرپار روزگار کے سلسلے میں مقیم بہت سے پاکستانی شہری ان ممالک کی طرف سفر کرنے سے قاصر تھے کیوں کہ پاکستان میں کووڈ۔19 کی وہ ویکسینز دستیاب نہیں تھیں جن کی منظوری ان ممالک نے دی ہے۔ بالعوم ان ویکسینز میں امریکی کمپنیوں کی تیار کردہ ماڈرنا اور فائزر شامل ہیں ۔ خیبر پختونخوا میں بھی یہی صورتحال درپیش تھی اور ایک وقت میں مالاکنڈ اور دیگر ڈویژنز کے لوگ احتجاج کر رہے تھے۔ تاہم بعد میں خیبر پختونخوا کو یہ ویکسینز مل گئیں اور یہاں بیرون ملک سفر کے خواہاں شہریوں کو ویکسین لگنے کا سلسلہ شروع ہو گیا۔ اب بہت سے ممالک نے اپنی پالیسیز تبدیل کر لی ہیں اور انہوں نے چینی ویکسینز کی منظوری دے دی ہے۔ مزید برآں حکومت نے بیرون ملک سفر کے خواہاں افراد کے لیے بوسٹر ڈوز لگانے کا سلسلہ بھی شروع کیا ہے۔

(ذریعہ۔ ڈان)

کورونا وائرس کی ویکسینیشن

15 سے 18سال کے شہری بھی اب کووڈ۔19 ویکسین لگوانے کے لیے اہل ہیں ۔ ان شہریوں کو Pfizer ویکسین لگائی جائے گی۔

رجسٹریشن
(15 سال یا زائد عمر کے شہریوں کے لیے)

اپنا شناختی کارڈ/ب فارم نمبرکسی بھی موبائل نمبر (آپ کا اپنا موبائل نمبر ہونا ضروری نہیں) سے **1166** پر ایس ایم ایس کریں یا **نِمز کی ویب سائٹ** پر جا کر خود کو رجسٹرڈ کریں۔

اپنا شناختی کارڈ /ب فارم نمبر ایس ایم ایس کرنے کے بعد اپنے **اصلی شناختی کارڈ/ب فارم** کے ہمراہ اپنے ضلع میں موجود قریبی ویکسین مرکز جا کر خود کو ویکسین لگوائیں ۔

یورپیئن یونئین کے مالی تعاون سے
accountabilitylab PAKISTAN
محکمہ صحت، خیبر پختونخوا
The Asia Foundation

اس اشاعتی مواد کو یورپئین یونئین کے مالی تعاون سے ممکن بنایا گیا ہے۔ تاہم، اس کے مندرجات کی ذمہ داری مکمل طور پر اکاؤنٹیبلٹی لیب پاکستان کے سر ہے، اور ضروری نہیں کہ یورپیئین یونئین اس میں پیش کئے گئے خیالات سے متفق ہو۔

کے پی اور سندھ میں ویکسینیشن کے مراکز

سندھ

سکھر

• آئی ایچ ایس ہسپتال لیبر فلیٹس	0715811532
• ٹی ایچ پنوں عاقل	0715690500
• ٹی ایچ روہڑی ۔	0333 7128627

خیرپور

• رانی پور	03347382264
• ٹھری میر واہ۔	03333960839
• تعلقہ ہسپتال کوٹ ڈیجی۔	03013582910

شکار پور

• دیہی مرکزِ صحت ، سلطان کوٹ۔	03337577008
• دیہی مرکزِ صحت خان پور	03003131100
• دیہی مرکزِ صحت ، گڑھی یاسین ۔	03453945330

جیکب آباد

• سول ہسپتال، جیکب آباد	03337341698
• تعلقہ ہسپتال ، ٹھل	03335765590
• دیہی مرکزِ صحت گڑھی حسن	03003174277

لاڑکانہ

• ٹی ایچ ڈوکری	03337517256
• سی ایم سی ہسپتال ، لاڑکانہ	03337533685
• رتو ڈیرو	03453852452

خیبر پختونخوا

پشاور

• دیہی مرکز صحت ریگی۔	03335042588
• مدر اینڈ چائلڈ ہیلتھ سینٹر مٹانی	03459146891
• پبلک ہیلتھ سکول	03339611020

چارسدہ

• بنیادی صحت مرکز محمد ناری	03045270647
• ڈسٹرکٹ ہیڈ کوارٹرز ہسپتال چارسدہ۔	03339015031
• دیہی مرکز صحت بٹگرام	03149160346

مردان

• ڈسٹرکٹ ہیڈکوارٹرز ہسپتال مردان۔	03005921350
• مردان میڈیکل کمپلیکس	0333929881
• تحصیل ہیڈ کوارٹر ہسپتال تخت بھائی۔	03339191353

صوابی

• بنیادی مرکزِ صحت ، جھنڈا۔	03005921350
• بنیادی مرکزِ صحت ، کوٹھا	0333929881
• سی ایچ کالو خان۔	03339191353

ہری پور

• سی ڈی کوٹ نجیب اللہ	03059349975
• سول ہسپتال کے ٹی ایس	03330928292
• ڈسٹرکٹ ہیڈ کوارٹرز ہسپتال، ہری پور	03155046070

یورپیئن یونئین کے مالی تعاون سے

accountabilitylab PAKISTAN

محکمہ صحت، خیبر پختونخوا

The Asia Foundation

اس اشاعتی مواد کو یورپئین یونئین کے مالی تعاون سے ممکن بنایا گیا ہے۔ تاہم، اس کے مندرجات کی ذمہ داری مکمل طور پر اکاؤنٹیبلٹی لیب پاکستان کے سر ہے، اور ضروری نہیں کہ یورپیئین یونئین اس میں پیش کئے گئے خیالات سے متفق ہو۔

میں اپنا ٹیسٹ کہاں سے کروا سکتا/سکتی ہوں؟

اسلام آباد	**قومی ادارہ صحت** پارک روڈ ، چک شہزاد ، اسلام آباد
کراچی	**آغا خان یونیورسٹی ہسپتال** ، اسٹیڈیم روڈ ، کراچی ، سندھ
حیدرآباد	**لیاقت یونیورسٹی آف میڈیکل اینڈ ہیلتھ سائنسز (LUMHS)** ، لبرٹی مارکیٹ چکر ، لیاقت یونیورسٹی اسپتال کے قریب ، حیدرآباد ، سندھ
خیرپور	**گمبٹ انسٹی ٹیوٹ آف میڈیکل سائنسز** ، گمبٹ ، خیرپور ، سندھ
پشاور	**حیات آباد میڈیکل کمپلیکس** ، فیز 4 فیز 4 حیات آباد ، پشاور ، کے پی
مردان	**چغتائی لیب ،** مردان پوائنٹ ، شمسی روڈ ، مردان ، کے پی
ھری پور	**ایکسل لیبز ،** ٹی ایم اے پلازہ شاپ نمبر 6 ، گرلز ڈگری کالج سرکلر روڈ ہری پور کے قریب ، کے پی
لاھور	**شوکت خانم میموریل ہسپتال ،** 7 اے بلاک آر۔ 3 ایم اے جوہر ٹاؤن ، لاہور ، پنجاب
ملتان	**نشتر ہسپتال ،** نشتر روڈ ، جسٹس حامد کالونی ، ملتان ، پنجاب
راولپنڈی	**آرمڈ فورسز انسٹی ٹیوٹ آف پیتھالوجی ،** رینج روڈ ، سی ایم ایچ کمپلیکس ، راولپنڈی ، پنجاب
کوئٹہ	**فاطمہ جناح اسپتال** بهادر آباد ، وحدت کالوني ، کوئٹه
مظفر آباد	**عباس انسٹی ٹیوٹ آف میڈیکل سائنسز (اے آئی ایم ایس) ،** امبور ، مظفرآباد ، آزاد کشمیر
گِلگِت	**ڈسٹرکٹ ہیڈ کوارٹر ہسپتال ،** اسپتال روڈ ، گلگت ، جی بی
	مزید شہروں کے لئے دیکھیں COVID-19 Health Advisory Platform

آپ ہم سے 0092_333_5873268 پر وٹس ایپ پر رابطہ کرکے اپنے اردر گرد کرونا وائرس سے متعلق پھیلی کسی افواہ، غلط معلومات یا دیگرکوئی معلومات ہمیں بتا سکتے ہیں ۔ ہم اپنی کرونا وائرس سِوایکٹس مہم کے ہفتہ وار بلیٹنز کے ذریعے ان افواہوں کا خاتمہ کرکے مستند معلومات کی آگاہی فراہم کر یں گے۔

یورپیئن یونئین کے مالی تعاون سے
accountabilitylab PAKISTAN
محکمہ صحت، خیبر پختونخوا
The Asia Foundation

اس اشاعتی مواد کو یورپئین یونئین کے مالی تعاون سے ممکن بنایا گیا ہے۔ تاہم، اس کے مندرجات کی ذمہ داری مکمل طور پر اکاؤنٹیبلٹی لیب پاکستان کے سر ہے، اور ضروری نہیں کہ یورپیئن یونئین اس میں پیش کئے گئے خیالات سے متفق ہو۔